PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 08اگست2023ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان (ECP) کے افسران کی استعداد کار کو بڑھانے کے لیے سول سروس اکیڈمی والٹن لاہور میں یکم اگست سے تربیت کا آغاز ہو چکا ہے جو 11اگست 2023تک جاری رہے گی۔ اس ان سروس تربیت کا مقصدالیکشن کمیشن میں 27 نئے تعینات ہونے والے افسران کو اپنے فرائض کی موثر انجام دہی کے لیے اعلی درجے کی مہارتوں کے ساتھ بااختیار بنانا ہے۔

ٹریننگ کے دوران، افسران کو انتخابی انتظام، انتخابی قوانین، ووٹر رجسٹریشن کے طریقہ کار، اور انتخابی ٹیکنالوجی کے مختلف پہلوؤں پر جامع تربیت دی جائے گی۔ یہ ٹریننگ الیکشن کمیشن کے بنیادی مقاصد آزادانہ ، منصفانہ، اور شفاف انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے معاون ثابت ہوگی۔ اس سے افسران کی کارکردگی کو بڑھانے ، ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کو ابھارنے میں مدد ملے گی۔

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING